قیمت مجلد دو روپیہ۔ پتہ:۔ مکتبہ جہاں نما اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

یہ چند افسانوں کا مجموعہ ہے جو عربی اور انگریزی کے چند نامور افسانہ نگاروں کے افسانوں کے تراجم ہیں۔ زبان بحیثیت مجموعی رواں اور سلیس اور انداز بیان شگفتہ اور دلچسپ ہے۔ کچھ یہ افسانے عریانی سے بھی پاک ہیں۔ فرصت کے اوقات میں ان کا مطالعہ دلچسپی کا سبب ہوگا۔

کنول از ڈاکٹر اعظم کریوی تقطیع خورد ضخامت ۲۵۶ صفحات طباعت وکتابت عمدہ قیمت مجلد عے/۱۲ پتہ:۔ عبدالحق اکیڈمی اردو گلی حیدرآباد دکن

ڈاکٹر اعظم پریم چند آنجہانی کی طرح اردو کے ان نامور افسانہ نگاروں میں سے ہیں جو محض فیشن کے لئے نہیں لکھتے بلکہ ان کی تحریروں کی ایک خاص غرض وغایت ہوتی ہے۔ ڈاکٹر اعظم کے افسانے بالعموم دیہاتی زندگی۔ ہندو تہذیب وتمدن اور عام ہندوستانی معاشرت سے متعلق ہوتے ہیں۔ زبان شگفتہ، دلکش اور رواں ہوتی ہے۔ اس کتاب میں موصوف کے بارہ مختصر افسانے شامل ہیں اور ہر افسانہ موصوف کے تمام خصوصیات افسانہ نگاری کا حامل ہے۔

ایک کہانی تقطیع خورد ضخامت ۱۱۶ صفحات، طباعت وکتابت بہتر قیمت ۸ر پتہ:۔ کتب خانہ علم وادب اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

یہ دراصل ایک کہانی ہے جس کی تکمیل میں چھ ادیبوں۔ نیاز فتحپوری، سید علی عباس حسینی ل۔ احمد۔ یلدرم۔ تاج۔ اور احمد شجاع نے حصہ لیا تھا۔ ان چھ ادیبوں نے ملکر ایک کہانی کو مکمل تو کر دیا ہے لیکن ہر ادیب نے اپنے حصہ کی تکمیل اپنے ہی خاص انداز میں کی ہے۔ جس کے باعث کہانی میں یکسانیت اور ہمواری نہیں رہ سکی بلکہ وہ پنچ رنگی ہوگئی ہے۔ اور درحقیقت یہ ایک افسانہ کا بہت بڑا نقص ہے۔ تاہم یہ شش رنگاپن، افسانوی ٹیکنک کے لحاظ سے کتنا ہی بدنما ہو بذاتِ خود ایک دلچسپ چیز ہے۔ اور کہانی بھی پرلطف ہے۔

پارلیمانی طرزِ حکومت از منظور الحسن صاحب ہاشمی بی۔ اے۔ تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات کتابت وطباعت متوسط قیمت ۱۲ار پتہ دارالاشاعتِ سیاسیہ حیدرآباد دکن۔